ایگزیکٹو خلاصہ

گروئنگ اولڈ گریسفلی

کمیونٹی میں ۲۵ سال پورا کرنے کا جشن مناتے ہوئے

یادوں کا تذکرہ

۱۹۹۳ میں قائم شدہ، سبکو ایشیائی بزرگوں کی ضرورتوں پر توجہ دینے والے پہلے اداروں میں سے ایک تھا۔ پچیس سال کے بعد، سبکو اب ایشیائی بزرگوں کے لئے فعال سب سے پرانے چیریٹیز میں سے ایک ہے۔ سبکو کی مسلسل موجودگی، مطلق العنان طور پر اس کی شاندار اور متنوع خدمت کی فراہمی، اس کے تمام معاونین کی سخت محنت اور سرگرمی کا عہدنامہ ہے۔ 'گروئنگ اولڈ گریسفلی' صدی کے ایک چوتھائی حصہ پر محیط اسٹاف اور خدمت کے صارفین کی یادوں کو ایک ساتھ لے آیا ہے۔ ان کے تجربات سماجی نگہداشت کی فراہمی کے لینس کے ذریعہ نیو ہیم میں، لندن میں، اور پورے برطانیہ میں ایشیائی کمیونٹی کی تاریخ کی وضاحت کرتے ہیں۔ سبکو کے رضاکاروں کو ہیریٹیج اسکلز ٹریننگ فراہم کیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی کہانیاں، اپنے لفظوں میں بیان کرسکیں۔

'گروئنگ اولڈ گریسفلی' کو ایسٹ سائڈ کمیونٹی ہیریٹیج کے ساتھ شراکت میں پیش کیا گیا، اور ہیریٹیج لاٹری فنڈ کی معاونت سے سہل بنایا گیا۔

سبکو کے رضاکاروں کو ایسٹ سائڈ کمیونٹی ہیریٹیج کے ذریعہ زبانی تاریخ بتانے کے طریقوں میں تربیت دی گئی ہے۔ انھوں نے اسٹاف، خدمت کے صارفین، اور ان کے اہل خاندان کا انٹرویو لیتے ہوئے سبکو کی تاریخ ریکارڈ کرنے میں مدد کی۔ یہ یادیں سبکو کی پچیسویں سالگرہ پر اس کی کہانی سنائیں گی:

"سبکو کی تاریخ ریکارڈ کرنا بہترین خیال ہے"

"ہم سبکو کی ۲۵ ویں سالگرہ کئی طریقوں سے منا سکتے ہیں، جیسے کہ زیادہ لوگوں کو بتایا جائے، زیادہ دستی اشتہارات تقسیم کئے جائیں، اور مزید ایکٹویٹیز کی جائیں"

"میری تنہائی اب باقی نہیں رہی"

"میں نے ۲۰۰۷ میں سبکو میں آنا شروع کیا۔ سبکو کے بارے میں مجھے میرے جی پی اور اس سرجن نے بتایا جو میرا آپریشن کرنے والا تھا؛ انھوں نے سبکو میں میرا انتظام کیا۔۔۔"

"میں نے تقریبا چار سال پہلے سبکو میں آنا شروع کیا۔ مجھے سبکو کے بارے میں بہت زیادہ وقت سے معلوم تھا، لیکن میں نے اپنے سوشل ورکر کے ذریعہ فیصلہ لیا کہ اب وہ وقت ہے جب مجھے کہیں جانے کی ضرورت تھی۔ اسٹاف ہر وقت میری مدد کو موجود رہتا ہے"

"سبکو معذور اور محروم لوگوں کے لئے بہت اچھا ہے۔
وہ ایک دوسرے کو دیکھ سکتے ہیں بات کر سکتے ہیں، دوستوں سے مل سکتے ہیں، اور تفریحی سفر پر جا سکتے ہیں"

"میرے شوہر نے اسٹروک کے بعد یہاں آنا شروع کیا۔ میں یہاں پارٹیوں میں ان کے ساتھ آیا کرتی تھی، اور ہم لوگ سمندر کنارے ایک ساتھ جایا کرتے تھے۔ یہ ایک بہترین یاد ہے۔ جب ان کا انتقال ہوگیا تو میں خود یہاں باقاعدگی سے آنے لگی۔۔۔"

سبکو انٹرجینریشنل ہے۔ اپنی خدمت کے صارفین کے اہل خاندان کی مدد کرنے کے ساتھ ساتھ، سبکو سینٹر میں نوجوانوں کا استقبال کرتا ہے، تاکہ وہ بزرگوں سے کچھ سیکھ سکیں، اور بزرگ ان سے سیکھ سکیں:

"چھوٹے بچوں کے لئے ہمارے یہ پروگرامز ہیں"

ہم ان کے ساتھ خود کو کم عمر کا محسوس کرتے ہیں، ہم ان کے ساتھ کام کرنے یا کھیلنے کا لطف اٹھاتے ہیں، اور جو کچھ وہ کرتے ہیں ہم بھی وہی کرتے ہیں۔ ایسا کرنا ہمیں کم عمری کا احساس دلاتا ہے"

"کچھ وقت پہلے وہاں ایک یوتھ کلب تھا، اور نوجوان بچے وہاں آتے تھے"

"انھوں نے بزرگ لوگوں کی تفریح کے نیا سیشن شروع کیا تھا.
بعض اوقات نوجوان بچے سبکو میں بھی آتے تھے۔ ہم چھوٹے گملوں میں پھول لگاتے تھے۔
مجھے بچوں کے ساتھ کام کرنا پسند تھا"

"اب سبکو ایک بڑی جگہ بن چکا ہے"

پروجیکٹ کے دوران، ہم سبکو اور کمیونٹی میں تذکرہ اور میموری کیفے سیشن کا انعقاد کیا کرتے تھے۔ ہم سبکو کی تاریخ اور مقامی ایریا کے بعض حیرت انگیز پس منظر کو واپس لانے کے لئے ایک 'میموری ٹری' ایکٹیوٹی کا استعمال کیا کرتے تھے، مثال کے طور پر:

سبکو میں تمھاری پہلی یاد کیا ہے؟

سبکو کے ساتھ تم کون سے سفر پر رہے ہو؟

کون سی بات انھیں خاص بناتی ہے؟

سالوں کے دوران سبکو کتنا تبدیل ہوا ہے؟

کیا عمارت یا لوگ مختلف ہیں؟

آپ کو کیا لگتا ہے کہ سبکو کو مستقبل میں کیا تبدیلی کرنی چاہئے؟

جب سے آپ یہاں رہ رہے ہیں نیو ہیم کتنا تبدیل ہوا ہے؟

آپ کو کیا لگتا ہے کہ مستقبل میں یہ کیسے تبدیل ہوگا؟

سبکو کی تاریخ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے براہ کرم پروجیکٹ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں، جہاں آپ مزید تصویروں کے ساتھ ساتھ، زبانی تاریخی انٹرویوز کے اقتسابات بھی دیکھ سکتے ہیں۔

سبکو اپنی بنیاد سے لے کر آج کے دن جاری رہنے والے اپنے معیاری کام تک، سبکو کی کہانی کو ریکارڈ کرنے، ضبط تحریر میں لانے اور اس کا جشن منانے کے ہمارے پروجیکٹ میں معاونت کرنے کے لئے سبکو ایسٹ سائڈ کمیونٹی ہیریٹیج اور ہیریٹیج لاٹری فنڈ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے۔

ہم ان کے لئے بھی اپنی ممنونیت کا اظہار کرنا چاہیں گے جنھوں نے پورے پروجیکٹ کے دوران اپنی یادوں کو ہمارے ساتھ ساجھا کرنے کے لئے اپنا وقت نکالتے ہوئے، زبانی تاریخی انٹرویوز میں حصہ لیا۔

آخر میں، ان تمام رضاکاروں اور سبکو کے اسٹاف کا بھی شکریہ جنھوں نے اس پروجیکٹ میں اپنی سخت محنت اور سرگرمی دکھائی۔

SUBCO TRUST
Reach out to elders

Subco 25
Empowering elders and carers in the community

Eastside Community Heritage

heritage lottery fund
LOTTERY FUNDED

CHAIRPERSON: RAMESH DADWAL
COMPANY LIMITED BY GUARANTEE NO. 3031652

CHIEF EXECUTIVE: TASKIN SALEEM
REGISTERED CHARITIES NO. 1045237